# ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ناظم آباد سینٹرل۔ کراچی

## شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Tel/Fax: 99260349 Email:dmc.centralinfo@gmail.com


## پریس ریلیز

### چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر کا یونین کمیٹی نمبر 03 ناظم آباد 04 میں قائم کاٹھور پارک کا دورہ

### کاٹھور پارک کی فوری بحالی اور تعمیراتی کاموں کا آغاز جلد کیا جائے گا

### پارکس عوام کا حق ہے اور اس کی بحالی سے بچوں، بزرگوں اور فیملیوں کو ایک خوشگوار ماحول مہیا کیا جاسکے گا: سید محمد مظفر

### اہلیان ناظم آباد ٹاؤن کو خوشگوار اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں: سید محمد مظفر

مورخہ: 28 جولائی 2025

کراچی ( ) چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے یونین کمیٹی نمبر 03 ناظم آباد 04 میں قائم کاٹھور پارک کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سینی ٹیشن ظہیر احمد، ڈائریکٹر پارکس آصف حسین، فوکل پرسن انجینئرنگ عثمان غنی اور انچارج ریسکیو عارف الدین و دیگر افسران بھی موجود ہیں۔ چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے کہا ہماری کوشش ہے کہ عوام کو خوشگوار ماحول اور صحت مند تفریح کے مواقع فراہم کئے جائیں، تا کہ بچوں، بزرگوں اور فیملیوں کو ایک خوشگوار ماحول میسر آسکے، ناظم آباد کے ہر علاقے میں صحت مند تفریحی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، اہلیان ناظم آباد کو خوشگوار اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے ڈائریکٹر پارکس آصف حسین کو ہدایات جاری کیں کہ کاٹھور پارک کو جلد از جلد بحال کر کے عوام کے حوالے کیا جائے۔ پارکس عوام کا حق ہے اور اس کی بحالی سے بچوں، بزرگوں اور فیملیوں کو ایک خوشگوار ماحول مہیا کیا جاسکے گا، واضح رہے کہ چیئرمین سید محمد مظفر کی ہدایت پر محکمہ باغات کا عملہ مرحلہ وار ناظم آباد ٹاؤن کے پارکس کی بحالی کے لئے شب و روز مصروف ہے۔ اس سلسلے میں ناظم آباد ٹاؤن کے مختلف پارکس میں کام جاری ہیں، جن میں جاگنگ ٹریک، بچوں کے لئے جھولے، مونومنٹ، بینچوں کی مرمت، نئی بینچوں کی تنصیب، کینوپی، نئے پودے، سوکھی ہوئی گھاس کو ہٹا کر پارکس میں دوبارہ سبزہ لگایا جارہا ہے، انہوں نے متعلقہ محکموں کو مزید کہا کہ ترقیاتی کاموں میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام کام شفاف طریقے سے بروقت مکمل کیے جائیں۔

جاری کردہ:۔

فہیم مصطفیٰ

ڈائریکٹر انفارمیشن

ناظم آباد ٹاؤن